
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: رضوانہ رحمٰن


دوسری جماعت کے لئے



# گول گول آنکھوں والا

کہانی: عامرہ عالم

تصویریں: علی عالم



ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی گول گول آنکھوں والا دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کہانی کے ذریعہ ایک ایسے پرندے کے بارے میں بچوں کو بتایا ہے جس کا ذکر وہ عام زندگی میں تو ہر وقت سنتے ہیں لیکن اس کا نام احمق اور بے وقوف ہونے کی علامت کے طور پر سمجھا اور جانا جاتا ہے۔ جبکہ درحقیقت یہ پرندہ عام پرندوں کے مقابلے میں زیادہ سیانا اور ہوشیار ہے جو اپنے شکار کے لئے رات کو نکلتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ کہانی میں ایک طرح کا سسپنس (suspense) اور رات کا منظر پیش کرنا مقصد ہے۔ تاکہ کہانی بچوں پر زیادہ سے زیادہ تاثر قائم کرسکے اور بچوں کے ذہنوں میں غیرمحسوس طریقے سے یہ بات اچھی طرح آجائے کہ الو کسی بے وقوف پرندے کا نام نہیں بلکہ الو ایک انتہائی سیانا اور عقل مند پرندہ ہے۔ کہانی کی پڑھائی کرنے سے پہلے ٹیچر کے لئے الو سے متعلق درج ذیل معلومات کا جاننا ضروری ہے۔

## الو (owl)

- الو کو رات جاگنے اور شکار کے ذریعے اپنی خوراک حاصل کرنے کا شوقین ہوتا ہے۔ یہ چیزیں کترنے والے جانوروں اور چھوٹے پرندوں کو اپنے پنجوں میں مضبوطی سے پکڑ کر کھا جاتا ہے۔
الو کی تین قسمیں ہیں۔ پہلی قسم الو کے نام ہی سے مشہور ہے۔ دوسری گھوگھو کے نام سے اور تیسری کھوسٹ کہلاتی ہے۔ سب سے چھوٹی قسم میں الو شمار ہوتا ہے اور سب سے بڑی میں گھوگھو۔
گھوگھو کے بال اور پر سینگ کی طرح مڑے ہوتے ہیں۔ وہ چوہے مکھیاں اور کیڑے مکوڑے کھاتا ہے۔ آنکھیں موٹی موٹی گول ہوتی ہیں اور قد عام طور پر چودہ انچ۔ اس کے انڈے تعداد میں تین ہوتے ہیں۔ جن کا رنگ سفید ہوتا ہے لیکن سرے پر کہیں کہیں دھبے ہوتے ہیں۔ ویران اور غیر آباد جگہوں پر گھونسلہ بنا کر رہتا ہے۔ شکار کے لئے رات کو نکلتا ہے۔ بڑا ہوشیار اور سیانا ہوتا ہے۔ دنیا کے تقریبا ہر حصے میں پایا جاتا ہے۔ رنگ سرمئی اور سیاہ ہوتا ہے۔
- مندرجہ بالا معلومات پڑھنے کے بعد ٹیچر اس میں سے اپنی جماعت کے معیار کے مطابق جملوں کا انتخاب کر کے اسے چارٹ پیپر پر لکھ کر کلاس میں ایسی جگہ لگا دیں جہاں بچے اسے با آسانی پڑھ سکیں مگر یہ کام پہلے سیشن کی پڑھائی کے بعد ہونا چاہئے۔

# سیشن 1

40 منٹ

- کہانی کا عنوان کیونکہ مختلف سا ہے اس لئے کہانی کی کتاب ہاتھ میں آتے ہی بچے اس کے بارے میں جاننے کی کوشش کریں گے کہ گول گول آنکھوں سے کیا مراد ہے۔ لیکن اس موقع پر کہانی کا سسپنس قائم رکھنا ضروری ہے۔ اس لئے بچوں کو جواب دینے سے گریز کیا جائے بلکہ ان کے تجسس کو اور بھی ابھارنے کی ضرورت ہے۔ اس لئے ان سے کہا جائے کہ ہم کہانی پڑھ کر ہی یہ جان سکیں گے۔ اس لئے کلاس میں سب نظم وضبط سے بیٹھے رہیں۔ اس کے بعد کہانی تاثرات اور ڈرامائی انداز سے پڑھ کر سنائی جائے۔ کہانی کے صفحہ نمبر 2 اور لائن نمبر 2 کو بھر پور تاثر کے ساتھ پڑھیں۔ کہانی کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد جب بچے الو کا نام جان لیں تو ان سے پوچھیں کہ کیا وہ اس پرندے کے بارے میں کچھ جانتے ہیں۔ بچوں کو ان کی معلومات بتانے کا موقع فراہم کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس کے بعد ٹیچرز گائیڈ میں لکھی گئی معلومات بچوں کو بتائیں اور انہیں اچھی طرح یہ ذہن نشین کروائیں کہ الو ایک ہوشیار اور سیانا پرندہ ہے۔ اس کی قوت مشاہدہ بہت تیز ہوتی ہے۔ یہ رات کی خاموشی میں ان چیزوں کو دیکھتا ہے جن کے بارے میں ہم جانتے تک نہیں۔ اس موقع پر ٹیچر بھرپور تاثرات اور اداکاری کے انداز میں بچوں کو یہ باتیں بتائیں۔ بلکہ اپنے ہاتھ کو پر بنا کر پرندے کی طرح اڑنے کی اداکاری کرتے ہوئے بتائیں تو بچے زیادہ دیر تک اس کو یاد رکھ سکیں گے۔
- اب کلاس کے ایک دو بچوں سے کہانی دوبارہ پڑھوائیں۔ کہانی کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں۔ کس کس کو اندھیرے میں ڈر لگتا ہے؟ اور کیوں؟
- وہ کون سے بچے ہیں جنہیں دوسروں کو ڈرانے میں مزہ آتا ہے؟ کیا ایسا کرنا اچھی بات ہے؟
- جب کسی کو ڈرایا جاتا ہے تو اس کی شکل کیسی ہو جاتی ہے؟ اس کے چہرے کے تاثرات کیسے ہو جاتے ہیں۔
- پھر ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اگر انہوں نے کبھی اپنے دوست یا بھائی بہن کو ڈرایا ہے تو ڈرانے کے بعد ان کی شکل کیسی ہوگئی تھی اس کی تصویر بنائیں۔
- بچے اس کام میں ضرور دلچسپی کا اظہار کریں گے لیکن وہ بچے جو ڈرائنگ میں اچھے نہ ہوں اس موقع پر ان کے کام کی بھی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہے۔ اس مشق کے مکمل ہونے کے بعد ٹیچر الو سے متعلق معلوماتی چارٹ کلاس میں بورڈ پر لگا دیں۔

نوٹ

- ٹیچر کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ کہانی کی پڑھائی کے دوران اور کہانی کی پڑھائی کے بعد بچوں کو اس بات کی اچھی طرح تاکید کریں کہ وہ ایک دوسرے کو الو کا نام لے کر چڑانے یا تنگ کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔

گھر کا کام
5 منٹ

- اپنی امی کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ امی سے کہیں کہ کہانی کے بارے میں اپنی رائے لکھ کر دیں۔ رائے لکھنے کے بعد اس پر دستخط بھی کروائیں۔

## سیشن 2

15 منٹ

- بچوں سے ہوم ورک لیا جائے بچوں سے پوچھیں کس کس کی امی کو کہانی پسند آئی اور کس کو نہیں۔ جس بچے کو کہانی پسند نہیں آئی اس کی وجہ جاننے کی کوشش کریں۔ اس ہلکی پھلکی مشق اور بات چیت کے بعد کلاس کے بچوں سے حاضری کے رجسٹر کے مطابق کہانی پڑھوائیں تاکہ ہر ایک کو کہانی پڑھنے کا موقع مل سکے۔ ضروری نہیں کہ ہر بچہ ایک ہی دن میں پڑھائی کرے۔ اس پڑھائی کی مشق کو تمام سیشن کے لحاظ سے ترتیب دے دیں تاکہ ہر بچے کو موقع مل سکے۔

30 منٹ

- کہانی کی پڑھائی کے دوران بچوں کی مدد سے ایسی چیزوں کی فہرست ترتیب دیجئے جو الو نے جاگتے ہوئے دیکھی تھیں۔ بچے اس فہرست کو اپنی کاپیوں میں لکھ لیں۔
- ساتھ ہی ساتھ ٹیچر کہانی کے مشکل الفاظ کے معنی بچوں کو اچھی طرح سمجھاتی جائیں۔
  گھنا پھن جھل مل دائیں بائیں۔

گھر کا کام

- کہانی پڑھیئے۔ الفاظ اور ان کی ضد تلاش کرکے لکھیں۔ مثلاً کالا - سفید

## سیشن 3

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • آج بچوں سے پوچھیں کہ رات کی خاموشی میں کون کون سی آوازیں سنائی دیتی ہیں، پھر ٹیچر بچوں کی مدد سے بورڈ پر ایسی آوازوں کی فہرست ترتیب دیں۔ |
| 25 منٹ | (۱) چوکیدار کی سیٹی (۲) کتے کا بھونکنا<br>(۳) دروازے کی چرچراہٹ (۴) پانی کی ٹپ ٹپ<br>(۵) بلی کی میاؤں میاؤں (۶) چوہے کی کھٹ پٹ<br>(۷) مچھر کی بھنبھناہٹ (۸) گاڑی کے ہارن کی آواز<br>(۹) ریل گاڑی کی چھک چھک (۱۰) بچے کے رونے کی آواز<br>• بچے یہ فہرست فرداً فرداً پڑھیں۔ |
| گھر کا کام | • کہانی اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔ کل املا لیا جائے گا۔ |

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 25 منٹ | • آج بچوں سے سمتوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ انہیں بتائیں کہ کسی بھی مقام تک پہنچنے کے لئے صحیح سمت کا معلوم ہونا بے حد ضروری ہے۔ بغیر سمت کا تعین کئے ہوئے ہم کسی بھی جگہ پر نہیں پہنچ سکتے اور پرندوں میں اللہ تعالیٰ نے خود سے یہ خوبی دی ہوئی ہے کہ وہ اپنی سمت اور راستہ نہیں بھولتے ہیں۔ سمت کو انگریزی میں direction کہتے ہیں اور سمتیں چار ہوتی ہیں۔<br>مشرق east<br>مغرب west<br>شمال north<br>جنوب south<br>• بچے سمتوں کے نام اپنی کوپی میں لکھیں گے۔ |

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • ٹیچرز گائیڈ میں ترتیب دی گئی ورک شیٹ مکمل کروائیں۔ |

## سیشن نمبر 5

| | |
|---|---|
| 40 منٹ | • آج بچوں سے آرٹ ورک کر وائیں۔ بچی کاغذ کی مدد سے الو کی تصویر بنائیں اور الو کے بارے میں ایک سے دو جملے سادے کاغذ پر لکھ کر الو کی تصویر کے ساتھ لگائیں۔ کام مکمل ہونے کے بعد ٹیچر اس کام کو کلاس میں بورڈ پر ڈسپلے کریں۔<br>• بچوں کے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سناتی جائیں تاکہ بچوں کو زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوسکیں۔ |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • الو کے بارے میں پانچ جملے لکھ کر لائیں۔ |

## ورک شیٹ برائے جماعت دوئم

• خالی جگہ پر کریں۔

I گول گول آنکھوں والے نے

(۱) بادلوں سے جھانکتے ____________ کو دیکھا۔

(۲) جگ مگ کرتے ____________ کو دیکھا۔

(۳) گھونسلے میں سوتا____________ دیکھا۔

(۴) پتوں میں چھپتے ____________ کو دیکھا۔

(۵) زمین پر پڑے ____________ کو دیکھا۔

II ایک جیسی آوازوں والے الفاظ لکھیں۔

(۱) گول ________ ________

(۲) کالا ________ ________

(۳) رات________ ________

(۴). سونا ________ ________

- صحیح یا غلط پر نشان لگائیں۔

(۱) الو ایک بے وقوف پرندہ ہے۔ (   )

(۲) گھونسلے میں کوا سو رہا تھا۔ (   )

(۳) الو نے چوہے کو کھا لیا۔ (   )

(۴) الو صبح صبح جاگ رہا تھا۔ (   )

## سیشن 6

10 منٹ

- یہ کہانی کیونکہ پہیلی کے سے انداز میں لکھی گئی ہے۔ اس لئے بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ پہیلیاں جانتے ہیں یا نہیں۔

30 منٹ

- یا انہیں کچھ پہیلیاں آتی ہیں جو انہوں نے کہیں سے سنی ہیں تو وہ سب کو سنائیں۔ اس طرح بچوں سے چند پہیلیاں سنیں۔ اگر بچے پہیلیاں نہ جانتے ہوں تو ٹیچر انہیں خود سے چند پہیلیاں سنائیں۔ یہ پہیلیاں کلاس کے معیار کے مطابق ہوں اور سادہ اور آسان زبان میں ہوں تاکہ بچے آسانی سے سمجھ سکیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے گائیڈ میں چند پہیلیاں لکھی جا رہی ہیں۔

(۱) ہری تھی من بھری تھی
راجہ جی کے باغ میں دوشالہ اوڑھے کھڑی تھی — ہری مرچ

(۲) ہاتھ میں ڈنڈا نہ تلوار
ننھا سا ایک چوکیدار — تالا

(۳) تول میں پوری لے کر آئے
گھر تک لاتے ہی گھٹ جائے — برف

(۴) سفید پانی میں پیلا موتی — انڈا

- ٹیچر ان پہیلیوں میں استعمال ہونے والے الفاظ اور ان کے معنی بھی سمجھاتی جائیں۔ اس طرح بچوں کے الفاظ کے ذخیرہ میں اضافہ ہوگا۔

گھر کا کام
5 منٹ

- گھر سے چند پہیلیاں معلوم کر کے آئیں۔

## سیشن 7

45 منٹ

- آج بچے جو پہیلیاں معلوم کر کے آئے ہیں وہ ایک دوسرے کو سنائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لئے ٹیچر بھی ان پہیلیوں کو بوجھنے کی کوشش کریں اور چند اچھی اور مزے دار پہیلیوں کو صفائی سے لکھ کر سوفٹ بورڈ پر بھی لگایا جا سکتا ہے۔
- ٹیچر بچوں کو اپنے طور پر پہیلیاں بنانے کا موقع فراہم کریں تو اچھا ہے۔ بچے بعد میں اپنی لکھی ہوئی پہیلیوں کو تصویری شکل بھی دے سکتے ہیں اور اسکول اسمبلی میں سب کو سنا کر داد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

# گول گول آنکھوں والا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale